بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

月額料金 900円 LTE 高速データ通信 1.0GB!! 容量超過後も 300kbpsで使い放題! 楽天ブロードバンド 詳しくはこちら

Share

# دہشتگردوں کو سختی سے کچل دیا جائیگا، حکومتی و فوجی قیادت کا اتفاق

## ملکی سلامتی ودفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائیگی، سیکورٹی فورسز ملک کے تحفظ کیلئے ہمیشہ تیار ہیں، انٹیلی جنس شیئرنگ کے نظام کو مزید موثر بنایا جائیگا، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

### دہشت گردوں کو کھلی چھوٹ نہیں دی جاسکتی، کراچی ایئرپورٹ پر حملہ معیشت کو نقصان اور انٹرنیشنل پروازیں معطل کرانا تھا، اجلاس کو وزیر داخلہ، وزیر دفاع اور آرمی چیف کی بریفنگ

اسلام آباد (جنگ نیوز) حکومت اور فوجی قیادت نے دہشت گردوں کو سختی سے کچلنے کے فیصلے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی سلامتی و دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائیگی، سیکورٹی فورسز ملک کے تحفظ کیلئے ہمیشہ تیار ہیں، انٹیلی جنس شیئرنگ کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ وزیراعظم نواز شریف کی زیر صدارت سیکورٹی سے متعلق گزشتہ روز ایک اہم اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک کی داخلی و سرحدی سلامتی کی صورتحال، اہم تنصیبات کی حفاظت، سیکورٹی اداروں کے درمیان انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے کے نظام کو مؤثر بنانے اور فاٹا بالخصوص پاک افغان سرحد سے بندوبستی علاقوں میں ناپسندیدہ عناصر کی نقل و حمل روکنے کیلئے اقدامات پر غور کیا گیا جبکہ وزیرداخلہ چوہدری نثار، وزیر دفاع اور آرمی چیف نے کراچی ایئرپورٹ پر دہشت گرد حملے اور اس کے بعد کی صورتحال پر بریفنگ دی، اجلاس میں وزارت دفاع نے کہا کہ کراچی ایئرپورٹ پر دہشت گردوں کا مقصد معیشت کو نقصان پہنچانا اور انٹرنیشنل ایئرلائنز کی پروازیں بند کرنا تھا۔ اجلاس میں سیکیورٹی کے حوالے سے مکمل اطمینان کا اظہار کیا گیا اور کہا گیا کہ جس بہادری اور شجاعت سے سیکیورٹی فورسز اور اے ایس ایف کے اہلکاروں نے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور ان کو ہلاک کیا اس کی مثال نہیں ملتی، قانون نافذ کرنیوالے اداروں اور ملکی سلامتی اور تحفظ کیلئے جان دینے والے جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ کراچی ایئرپورٹ پر حملہ ناقابل برداشت ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردوں کو کھلی چھوٹ نہیں دی جاسکتی، حکومت عوام کے جان و مال اور سرکاری اثاثوں کا تحفظ یقینی بنائے گی۔ اجلاس میں وزیرداخلہ چوہدری نثار علی، آرمی چیف جنرل راحیل شریف، چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل اشفاق ندیم، وزیراعظم کے مشیر برائے قومی سلامتی سرتاج عزیز، طارق فاطمی اور دیگر اعلیٰ سول و فوجی حکام شریک ہوئے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے

SHARP製 スマートフォン 24カ月間 3,476円 (税別) /月～ LTE対応 のりかえOK Wi-Fi付き BIGLOBE 詳しくはこちら